روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر یکم ستمبر 2008ء 29 شعبان 1429ہجری یکم تبوک 1387ہش جلد 58-93 نمبر 200

حیا اور ایمان

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ ایک شخص کے پاس سے گزرے جو اپنے بھائی کو اس کے شرمیلے پن کی وجہ سے سرزنش کر رہا تھا۔ رسول اللہؐ نے اسے ٹوکا اور فرمایا اسے کچھ نہ کہو کیونکہ حیا ایمان کا حصہ ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الادب باب الحیاء حدیث نمبر:5653)

33 ویں جلسہ سالانہ جرمنی سے حضور انور کا لجنہ سے خطاب مورخہ 23/ اگست 2008ء

احمدی عورت کا معاشرے میں ایک مقام ہے جس کو اس نے قائم رکھنا ہے

دائمی ترقی کی منازل دنیوی لذات میں نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضا سے وابستہ ہیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے اس تاریخی سال میں منعقد ہونے والے 33 ویں جلسہ سالانہ جرمنی کے دوسرے دن مورخہ 23/ اگست 2008ء کو خواتین سے خطاب فرمایا۔ اس خطاب سے قبل حضور انور نے تعلیمی میدان میں نمایاں اعزاز حاصل کرنے والی خواتین اور طالبات میں انعامات تقسیم فرمائے۔ حضور انور کا یہ خطاب ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا جس کا ساتھ ساتھ متعدد زبانوں میں ترجمہ بھی نشر کیا گیا۔ اس خطاب کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

حضور انور نے خطاب کے آغاز میں فرمایا آج کے ترقی یافتہ دور میں جبکہ ہر طرف ہر طرح کی ترقیات ہو رہی ہیں رابطوں میں زیادتی اور ترقی، سفروں کی سہولت اسی طرح ٹیلی فون، فیکس، ای میل، ٹی وی اور دوسرے میڈیا نے لوگوں کو اس قدر ایک دوسرے کے قریب کر دیا ہے کہ ایشیا اور افریقہ میں بیٹھا شخص جو بظاہر ان ترقی یافتہ ممالک کی سہولیات سے استفادہ نہیں کرتا مگر سیٹلائٹ میڈیا کے ذریعہ وہ ان ترقیات کو دیکھ کر اس کلچر سے بہت متاثر ہوتا اور اس کو اپنانے کے لئے بے انتہا تگ و دو کرتا ہے اور پھر انسان کی فطرت میں یہ بات ہے کہ اسے تفریح بہم پہنچے اور پھر انسان کی ان امور کی طرف رغبت اور شوق بھی ہوتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ بعض لوگ ان ترقی یافتہ ممالک کی طرف آنے پر مجبور ہو جاتے ہیں اور ہر طرح کے طریقے استعمال کرتے ہیں کہ کسی طرح ہم بھی ان ترقی یافتہ ممالک کے لوگوں میں شامل ہو سکیں پھر لوگ ان ممالک کی طرف خصوصاً تیسری دنیا کے لوگوں کی ان ممالک کی طرف بڑی رغبت ہے ان ممالک سے لوگ آ کر آباد ہوئے ہیں۔ اکثر لوگ ان خواہشات کی تکمیل میں اپنے اصل مقصد کو بھول جاتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ جماعت میں اکثریت ایسی ہے خصوصاً پاکستان سے آنے والے لوگ جن پر وہاں حالات مشکل کر دیئے گئے تھے۔ اور یہ سلسلہ گزشتہ تیس پینتیس سال سے چل رہا ہے۔ جو لوگ لمبے عرصے سے یہاں رہ رہے ہیں وہ اس ماحول کا حصہ بن چکے ہیں۔ وہ اس معاشرے میں سموئے جا چکے ہیں کسی ملک کا شہری بننے کے لئے اس ملک کی زبان سیکھنا وغیرہ بہت اچھی باتیں ہیں مگر ایک احمدی کو اپنی مذہبی روایات کا پاس رکھنا بھی از حد ضروری ہے۔

آج کل کے لوگ خصوصاً مغربی کلچر کے لوگ اس آزادی کو جو انہوں نے از خود حاصل کی اور اختیار کی ہوئی ہے اس کو ملک کی ترقی کا ذریعہ سمجھتے ہیں پھر مزید برآں آزادی کے نام پر ان لوگوں میں عجیب عجیب باتیں رائج ہیں جن کو یہ لوگ اپنی اور ملک کی ترقی کا ذریعہ سمجھتے ہیں حالانکہ یہ ایک غلط فہمی ہے یہ سب باتیں تو انسان کو خدا سے دور لے جانے والی ہیں اور انسان کی ترقی کی بجائے اس کے زوال کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس شخصی آزادی کی بناء پر اخلاق سوز حرکات ہو رہی ہیں جو انفرادی طور پر بھی اور من حیث القوم بھی نقصان دہ ہیں ان سب حرکتوں اور نام نہاد آزادیوں کو دیکھ کر بعض ان میں سے جو سعید فطرت ہیں وہ جماعت احمدیہ میں شامل ہو رہے ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ ہماری آزادی اس ظاہری آزادی میں نہیں بلکہ خدا کے پہچاننے میں ہے۔

حضور انور نے احمدیوں کو توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ جو احمدی ان ملکوں میں رہتے ہیں اور اب وہ ان میں رچ بس گئے ہیں ان کو ایسی حرکات سے بہر حال بچنا ہے۔ یہاں کی ہر بات کو اپنانا ضروری نہیں۔ پھر اس طرح ہی ہم ان لوگوں میں دین حق کا اصل پیغام پہنچانے والے بن سکیں گے۔ ان قوموں کو ان کی پیدائش کے مقصد اور خدا کے قریب لانے والے ہوں گے۔ یہ ظاہری آزادیاں حقیقی آزادیاں نہیں بلکہ اصل اطمینان قلب کے لئے خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا ضروری ہے۔

حضور انور نے احمدی خواتین کو توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ ہمیشہ یاد رکھیں کہ حدود کا ایک دائرہ ہے اس کو پار کرنا تمہارے تقدس کو پامال کرتا ہے یہ نعمت نہیں بلکہ لعنت ہے۔ ایک احمدی عورت کا ایک تقدس ہے اس کا معاشرے میں ایک مقام ہے جس کو بہر حال قائم کرنا ہے اور رکھنا ہے اور پھر ہر احمدی عورت نے تقویٰ پر چلتے ہوئے اپنی حیا اور عصمت کی حفاظت کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حقیقی مومنات کی جو خصوصیات گنوائی ہیں اور اس سے جو توقعات رکھی ہیں اور جو احکامات بتائے ہیں ان کو اختیار کرنا ہر احمدی عورت کا فرض ہے حضور انور نے سورۃ الاحزاب کی ایک آیت کے حوالے سے مومنات کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا۔

تقویٰ پر چلنے والی عورتیں قانتات بنتی ہیں یعنی مکمل فرمانبردار۔ تمام احکامات پر عمل کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ پھر صادقات بننے کی طرف قدم اٹھتا ہے یعنی ہر طرح کے جھوٹ اور دھوکہ سے پاک ہوں۔ پھر صابرات بنتی ہیں۔ صبر اور استقلال سے نیک راہوں پر قائم رہتی ہیں۔ پھر صدقات اس طرح کرنا کہ ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ کو خبر نہ ہو۔

پھر متصدقات یعنی اپنے پر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو اپنے سے کمزوروں پر استعمال کرنے والیاں بنتی ہیں۔ غرباء اور ضرورت مندوں کی طرف توجہ ہونی چاہئے مالی لحاظ سے کمزور عزیزوں کی طرف خاص طور پر توجہ

(باقی صفحہ 11 پر)

جب تو دعا کیلئے کھڑا ہو تو تجھے لازم ہے کہ یقین رکھے کہ تیرا خدا ہر ایک چیز پر قادر ہے تب تیری دعا منظور ہوگی اور تو خدا کی قدرت کے عجائبات دیکھے گا۔

(حضرت مسیح موعود)

نتیجہ انٹرمیڈیٹ 2008ء

(نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ)

فیصل آباد بورڈ کی طرف سے انٹرمیڈیٹ سال 2008ء کے رزلٹ کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ کی طرف سے امسال 69 طلباء نے امتحان دیا جن کے حاصل کردہ گریڈز کی تفصیل درج ذیل ہے۔

+A گریڈ حاصل کرنے والے طلباء	7
A گریڈ حاصل کرنے والے طلباء	14
B گریڈ حاصل کرنے والے طلباء	15
C گریڈ حاصل کرنے والے طلباء	23
D گریڈ حاصل کرنے والے طلباء	0
کمپارٹمنٹ والے طلباء	7

اس طرح رزلٹ 89.86% ہے جبکہ فیصل آباد بورڈ کا رزلٹ 52% ہے۔

پری میڈیکل گروپ میں عزیزم ہشام احمد فرحان نے 992/1100 نمبر حاصل کئے۔

پری انجینئرنگ گروپ میں عزیزم سید شہریار احمد نے 922/1100 نمبر حاصل کئے۔

جنرل سائنس گروپ میں عزیزم شرجیل احمد طاہر نے 687/1100 نمبر حاصل کئے۔

نیز یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ 4 طلباء نے 900 سے زائد نمبر حاصل کئے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کامیابی کو طلباء، ان کے خاندانوں اور جماعت کے لئے برکت کا باعث بنائے۔ آمین

(چیئرمین ناصر فاؤنڈیشن ربوہ)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ۔ حالات اور خدمات

نمبر 7

(عہد خلافت کے اہم واقعات ۔ سوال و جواب کی شکل میں)

سوال: لجنہ اماء اللہ پاکستان ربوہ کے ہال کا افتتاح کب ہوا۔

جواب: 27 مارچ 1993ء کو۔

سوال: حضور کا خطبہ جمعہ پہلی بار ماسکو ریڈیو کے ذریعہ دنیا میں کب نشر ہوا۔

جواب: 14 مئی 1993ء کو۔

سوال ماہر لسانیات حضرت شیخ محمد احمد مظہر صاحب کا انتقال کب ہوا۔

جواب: 28 مئی 1993ء کو۔

سوال: مجلس انصار اللہ پاکستان کے تحت المہدی ہسپتال مٹھی تھرپارکر کا سنگ بنیاد کب رکھا گیا۔

جواب: 8 جولائی 1993ء کو۔

سوال: پہلی عالمی بیعت کب ہوئی۔

جواب: 31 جولائی 1993ء کو۔

سوال: پہلی عالمی بیعت میں کتنے ممالک کے کتنے لوگوں نے بیعت کی۔

جواب: 84 ممالک کی 115 اقوام کے 2,04,308 (دو لاکھ چار ہزار تین سو آٹھ) افراد نے بیعت کی۔

سوال: پہلی عالمی بیعت لیتے وقت حضور نے کن کا کوٹ زیب تن فرمایا ہوا تھا۔

جواب: سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کا۔

سوال: شمالی امریکہ میں سیٹلائیٹ کے ذریعہ حضور کے خطبات کی باقاعدہ ٹرانسمیشن کا آغاز کب ہوا۔

جواب: 1993ء میں۔

سوال: جماعت احمدیہ نے 1994ء کا سال کس چیز کی صد سالہ سالگرہ کے طور پر منایا۔

جواب: نشان کسوف وخسوف کی۔

سوال: M.T.A کی باقاعدہ نشریات کا آغاز کب ہوا۔

جواب: 7 جنوری 1994ء کو۔

سوال: 7 جنوری 1994ء کو کس اخبار کا اجرا ہوا۔

جواب: ہفت روزہ الفضل انٹرنیشنل کا۔

سوال: فضل عمر ہسپتال ربوہ میں نئے شعبوں C.C.U.-I.C.U. اور ریڈیالوجی کا افتتاح کب ہوا۔

جواب: 12 فروری 1994ء کو۔

سوال: حضرت مولوی محمد حسین صاحب (سبز پگڑی والے) رفیق حضرت مسیح موعود کا انتقال کب ہوا۔

جواب: 21 جون 1994ء کو۔

سوال: حضور نے امریکہ میں بیت الرحمٰن واشنگٹن اور MTA ارتھ سٹیشن کا افتتاح کب فرمایا۔

جواب: 14 اکتوبر 1994ء کو۔

سوال: حضور نے تمام مفسدین کے شر سے بچنے کے لئے کب اور کونسی دعا کثرت سے پڑھنے کی تحریک فرمائی۔

جواب: 1994ء میں حضور نے یہ دعا کثرت سے پڑھنے کی تحریک فرمائی۔

"اَللّٰھُمَّ مَزِّقْھُمْ کُلَّ مُمَزَّقٍ وَّسَحِّقْھُمْ تَسْحِیْقًا"

سوال: حضور نے رؤیا کی بناء پر اسمائے باری تعالیٰ پر خطبات کا سلسلہ کب شروع فرمایا۔

جواب: 3 مارچ 1995ء کو۔

سوال: حضور نے MTA پر ہومیوپیتھی کلاسز کا آغاز کب فرمایا۔

جواب: 23 مارچ 1994ء کو۔

سوال: حضور نے شوریٰ کے نظام کو مختلف زبانوں میں شائع کرنے کی تحریک کب فرمائی۔

جواب: 31 مارچ 1995ء کو۔

سوال: احاطہ بیت الفضل لندن میں فری ہومیوپیتھی ڈسپنسری کا قیام کب ہوا۔

جواب: 30 جولائی 1995ء کو۔

سوال: 1996ء کا سال حضرت مسیح موعود کی کس کتاب کی صد سالہ تقریب کے طور پر منایا گیا۔

جواب: "اسلامی اُصول کی فلاسفی"۔

سایۂ شجر

دل و نگاہ میں حمد و درود سارے ہیں
رہِ حیات میں جینے کے یہ سہارے ہیں

یوں ہو رہا ہے شب و روز رحمتوں کا نزول
یہ آسمان نے کیا کیا ثمر اتارے ہیں

کھلے ہوئے ہیں دریچے حیاتِ نو کے لئے
چمن میں چاروں طرف خوشبوؤں کے دھارے ہیں

کشاں کشاں سے چلے آ رہے ہیں اہلِ وفا
سرور و کیف میں ڈوبے ہوئے نظارے ہیں

یہ کون آیا عجب رنگ ہیں فضاؤں میں
یہ کس کے آنے پہ مسرور چاند تارے ہیں

ہیں خوش نصیب ملا سایۂ شجر ایسا
کہ جس کی چھاؤں میں لطف و سرور سارے ہیں

میرا وجود میری کائنات تجھ سے ہے
ترے کرم نے مرے رات دن سنوارے ہیں

عبدالصمد قریشی

درخواست دعا

مکرمہ سائرہ سلطان صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

میرے بیٹے نوید احمد نے میٹرک کے امتحان میں خدا تعالیٰ کے فضل سے 770/850 نمبر حاصل کئے ہیں جو کہ 90.6 فیصد بنتے ہیں۔ موصوف نے یہ امتحان نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ سے دیا تھا۔ جو اپنی کلاس میں اول اور نصرت جہاں اکیڈمی بوائز سیکشن میں دوم رہا ہے۔ عزیز محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مورخ احمدیت کا پوتا ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ کرے کہ یہ کامیابی آئندہ بہت سی کامیابیوں کا پیش خیمہ بنے اور خلافت احمدیہ کے زیر سایہ حضرت مسیح موعود کی دعاؤں کا مصداق ٹھہرے اور تمام دنیا میں احمدیت کا نام روشن کرے۔ آمین

ولادت

مکرم عزیز احمد صاحب بھٹی نگران تعمیرات وقف جدید ضلع مٹھی اطلاع دیتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم حافظ مبارک احمد صاحب ثانی پرنسپل مدرسۃ الحفظ اور میری بہو مکرمہ شازیہ مبارک صاحبہ کو اللہ تعالیٰ نے دو بیٹوں عارفین احمد واقف نو اور نوشیروان احمد کے بعد پہلی بیٹی عطا فرمائی ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے پہلے بیٹے کے نام کے ساتھ جو نام عطا فرمایا تھا افشاں احمدؔ وہی نام رکھا گیا ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے باعمر کرے والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے اور نافع الناس وجود بنائے۔ آمین

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ جرمنی

1

ہمبرگ آمد، بیت الکریم سٹاڈے کا افتتاح اور خطاب، خطبہ جمعہ اور ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

13/اگست 2008ء

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا آج مورخہ 13/اگست 2008ء کو بیت الفضل لندن سے جرمنی کے سفر کے لئے روانگی کا پروگرام تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز صبح آٹھ بج کر دس منٹ پر اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے۔ حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے احباب جماعت مرد وخواتین صبح سے ہی بیت کے احاطہ میں جمع ہونا شروع ہوگئے تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور دعا کروائی۔

دعا کے بعد پانچ گاڑیوں پر مشتمل قافلہ یوکے کی بندرگاہ Dover کے لئے روانہ ہوا۔ بیت الفضل سے ڈوور تک کا فاصلہ 109 میل ہے۔ ایک گھنٹہ چالیس منٹ کے سفر کے بعد 9 بج کر 50 منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ Dover پہنچے۔ مکرم چوہدری ناصر احمد صاحب نائب امیر یوکے، عطاء المجیب صاحب راشد مربی انچارج یوکے اور بعض دیگر جماعتی عہدیداران اور خدام کی سیکیورٹی ٹیم حضور انور ایدہ اللہ کو الوداع کہنے کے لئے Dover تک قافلہ کے ہمراہ آئے تھے۔ ان سبھی احباب نے حضور انور کو یہاں سے رخصت کیا۔ پاسپورٹ، امیگریشن اور دیگر سفری دستاویزات کی کلیرنس کے بعد قافلہ کی گاڑیاں P & O Ferries میں داخل ہوئیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز گاڑی سے اتر کر فرسٹ کلاس لاؤنج میں تشریف لے گئے۔

فیری موسم کی خرابی کے باعث قریباً ایک گھنٹہ کی تاخیر کے ساتھ گیارہ بج کر پچاس منٹ پر Dover سے فرانس کی بندرگاہ Calais کے لئے روانہ ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے سفر بڑا خوشگوار رہا۔ اور قریباً ڈیڑھ گھنٹہ کے سفر کے بعد فرانس کے مقامی وقت کے مطابق سوا دو بجے کیلے (Kalais) پہنچی۔ فرانس کا وقت برطانیہ کے وقت سے ایک گھنٹہ آگے ہے۔

کیلے (Calais) پورٹ پر مکرم امیر صاحب جرمنی، مربی انچارج صاحب جرمنی اور صدر خدام الاحمدیہ جرمنی نے خدام کی سیکیورٹی ٹیم کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا۔ MTA جرمنی کی ٹیم بھی ان کے ہمراہ تھی اور انہوں نے حضور کی آمد کو کوریج دی۔

یہاں سے پروگرام کے مطابق جرمنی کے شہر ہمبرگ (Hamburg) کے لئے روانگی ہوئی۔ کیلے کی بندرگاہ سے ہمبرگ شہر کا فاصلہ 770 کلومیٹر ہے۔ 56 کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد قریباً تین بج کر پانچ منٹ پر فرانس کا بارڈر کراس کر کے بیلجیم کی حدود میں داخل ہوئے۔ جماعت جرمنی نے مین ہائی وے پر بیلجیم کے شہر Ostendey کے قریب Jabbeke کے مقام پر ایک ریسٹورنٹ Carstel میں دوپہر کے کھانے اور نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کا انتظام کیا ہوا تھا۔ تین بج کر 35 منٹ پر قافلہ اس ریسٹورنٹ میں پہنچا اور کھانے کے پروگرام کے بعد ایک کھلے لان میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز ظہر وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے امیر صاحب جرمنی سے گفتگو فرمائی اور اگلے سفر اور روٹ کے بارہ میں دریافت فرمایا۔

چار بجکر پینتالیس منٹ پر یہاں سے اگلے سفر کے لئے روانگی ہوئی۔ بیلجیم میں قریباً دو گھنٹے کے مزید سفر اور 270 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنے کے بعد ساڑھے چھ بجے قافلہ بیلجیم کا بارڈر عبور کر کے ملک ہالینڈ کی حدود میں داخل ہوا اور سفر مسلسل جاری رہا۔ ہالینڈ میں 75 کلومیٹر کا سفر چالیس منٹ میں طے کرنے کے بعد سوا سات بجے شام ہالینڈ کا بارڈر عبور کر کے جرمنی کی حدود میں داخل ہوئے۔ یہاں بارڈر سے منزل مقصود ہمبرگ شہر کا فاصلہ 369 کلومیٹر تھا جو ابھی مزید طے کرنا تھا۔

آٹھ بجے کے قریب مین ہائی وے پر ایک پٹرول پمپ پر کچھ دیر کے لئے رک کر گاڑیوں میں پٹرول ڈلوایا گیا اور چائے وغیرہ پی۔

ہمبرگ میں آمد اور بیت الرشید میں استقبال

ساڑھے آٹھ بجے یہاں سے آگے روانگی ہوئی اور پھر مسلسل سفر کے بعد رات گیارہ بج کر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ ہمبرگ کے جماعتی مرکز ''بیت الرشید'' پہنچے جہاں ہمبرگ شہر اور اردگرد کی جماعتوں کے ڈیڑھ ہزار سے زائد احباب مرد وخواتین اور بچوں نے اپنے پیارے امام کا استقبال کیا۔ ہمبرگ شہر کی چودہ جماعتوں کے علاوہ Kiel، Stade، Lubeck، Luneburg، برلن اور فرینکفرٹ کی جماعتوں سے بھی احباب اپنے آقا کے استقبال کے لئے شام چھ بجے سے جمع ہونا شروع ہوگئے تھے اور حضور انور کے دیدار کے منتظر تھے۔

جونہی حضور انور گاڑی سے اترے تو لوکل امیر ہمبرگ چوہدری ظہور احمد صاحب اور مربی سلسلہ عبدالباسط طارق صاحب نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔ اور ایک بچے نے حضور انور کی خدمت میں پھول پیش کئے۔ ''بیت الرشید'' کے بیرونی احاطہ میں ایک طرف احباب جماعت، نوجوان اور بچے استقبالیہ نظمیں پڑھ رہے تھے تو دوسری طرف حضور انور کی رہائش گاہ کے قریبی حصہ میں کھڑی خواتین اور بچیاں استقبالیہ گیت پڑھ رہی تھیں۔ یہ بچیاں ایک ہی رنگ کے خوبصورت لباس میں ملبوس اپنے ہاتھوں میں لوائے احمدیت اور ہمبرگ کا جھنڈا لہراتے ہوئے استقبالیہ نغموں کے ساتھ حضور انور کو خوش آمدید کہہ رہی تھیں۔

صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ جرمنی وصدر صاحبہ لجنہ ہمبرگ نے اپنی عہدیداران کے ساتھ حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کو خوش آمدید کہا۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور بچیوں کے پاس سے گزرتے ہوئے اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ساڑھے گیارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ''بیت الرشید'' میں تشریف لا کر مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

ہمبرگ کا تعارف

775 مربع کلومیٹر کے رقبہ پر پھیلا ہوا، 1،8 ملین کی آبادی پر مشتمل ہمبرگ شہر جرمنی کا دوسرا بڑا شہر ہے۔ اس شہر کی ابتداء 832ء میں ایک چھوٹے سے قلعہ کی تعمیر سے شروع ہوئی۔ اس قلعہ کا نام Hammaburg تھا۔ اسی سے اس شہر کا نام ہمبرگ پڑا۔ ہمبرگ جرمنی کے سولہ صوبوں میں سے ایک صوبہ ہے اور اس کی اپنی پارلیمنٹ اور صوبائی حکومت ہے۔ ہمبرگ کی بندرگاہ جرمنی کی سب سے بڑی بندرگاہ ہے جو 75 کلومیٹر کے رقبہ پر پھیلی ہوئی ہے اور یہاں سینکڑوں بڑے بڑے بحری جہاز کھڑے ہو سکتے ہیں۔ اس بندرگاہ سے ہر سال سازوسامان سے بھرے ہوئے ایک کروڑ سے زیادہ کنٹینرز دنیا کے مختلف ممالک کو بھجوائے جاتے ہیں۔

ہمبرگ میں احمدیت

ہمبرگ شہر کے علاقہ Stellingen میں جماعت احمدیہ کی پہلی بیت ''فضل عمر'' 1951ء میں تعمیر ہوئی تھی۔ اس بیت کے ساتھ مشن ہاؤس اور دفاتر بھی ہیں۔

جماعت کا نیا مرکز ''بیت الرشید'' ہمبرگ کے علاقہ Schnelsen میں 1994ء میں خریدا گیا۔ اس کا کل رقبہ 2783 مربع میٹر ہے۔ جب کہ مسقف حصہ کا رقبہ 959 مربع میٹر ہے۔ اس عمارت میں تین بڑے ہال ہیں۔ ان میں سے دو ہال کو مردوں اور خواتین کے لئے بیت کی شکل میں تبدیل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اس بلڈنگ میں دفاتر اور رہائشی حصہ بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کا یہ نیا مرکز پہلے مرکز سے کئی گنا بڑا ہے۔

جماعت احمدیہ ہمبرگ جرمنی کی بڑی جماعتوں میں شامل ہوتی ہے۔ یہاں لوکل امارت کا نظام قائم ہے اور جماعت کے چودہ حلقے ہیں۔ ہر حلقہ کا اپنا صدر جماعت اور اس کی عاملہ مقرر ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے اور جماعت تیزی سے ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہے۔

14/اگست 2008ء

صبح سوا پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ''بیت الرشید'' ہمبرگ میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز فجر کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

نماز فجر میں احباب جماعت کے علاوہ ایک بڑی تعداد میں خواتین اور بچیاں بھی شامل ہوئیں اور حضور انور کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ صبح نماز فجر سے قبل اور بعد میں بیت الرشید کا بیرونی حصہ اور اردگرد کی سڑکیں مرد وخواتین سے بھری ہوتی ہیں۔ یہ دن بڑے ہی مبارک اور بابرکت اور اللہ کے فضلوں کے حصول کے دن ہیں۔ بڑی دور سے لوگ چھوٹے بڑے، مرد وخواتین، بچے بچیاں نمازوں کے لئے حاضر ہوتے ہیں اور اس روحانی ماحول سے فیضیاب ہوتے ہیں۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

سٹاڈے کے لئے روانگی

آج پروگرام کے مطابق ہمبرگ (Hamburg) سے 62 کلومیٹر دور Stade شہر میں امسال نئی تعمیر ہونے والی ''بیت الکریم'' کا افتتاح ہونا تھا۔ چار بج کر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور سٹاڈے (Stade) کے لئے روانگی ہوئی۔

ایک گھنٹہ پانچ منٹ کے سفر کے بعد سوا پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی سٹاڈے آمد ہوئی جہاں مقامی جماعت کے صدر اور دیگر عہدیداران نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور ایک بچے نے حضور انور کی خدمت میں پھول پیش کئے۔ مقامی عہدیداران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے شرف

مصافحہ حاصل کیا۔ مقامی جماعت کے احباب وخواتین کے علاوہ اردگرد کی قریبی جماعتوں کے بھی بعض احباب اس موقع پر جمع تھے۔

بیت الکریم کا افتتاح

حضور انور نے بیت کی بیرونی دیوار پر لگی تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور بیت کے اندر تشریف لے گئے اور بیت کا معائنہ فرمایا اور امیر صاحب جرمنی اور نیشنل سیکرٹری جائیداد سے بھی بعض امور کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ظہر وعصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں اور اس بیت کا افتتاح عمل میں آیا۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد بیت میں ہی ایک تقریب ہوئی۔ حافظ احسان اللہ صاحب نے تلاوت قرآن کریم پیش کی اور ناصر احمد صاحب نے اس کا اردو ترجمہ جب کہ فرقان احمد صاحب نے اس کا جرمن ترجمہ پیش کیا۔ بعدازاں مکرم امیر صاحب جرمنی نے شہر Stade اور ''بیت الکریم'' کا تعارف پیش کیا۔

46 ہزار کی آبادی پر مشتمل یہ ایک ہزار سال پرانا شہر جرمنی کی دو بندرگاہوں ہمبرگ اور Cuxhaven کے درمیان واقع ہے۔ اس کے دو اطراف میں دریائے Elbe اور Schwinge بہتے ہیں۔ شہر کے پرانے علاقہ میں اب بھی 17ویں صدی کے مکانات موجود ہیں اور 17ویں صدی کی لکڑی کی بنی ہوئی مچھلی کی مارکیٹ کو بھی محفوظ رکھا گیا ہے۔

اس شہر میں جماعت احمدیہ کا باقاعدہ قیام 1987ء میں ہوا۔ یہاں سے احباب ملک کے دوسرے شہروں میں منتقل ہوتے رہے جس کی وجہ سے یہاں جماعت کی مجموعی تعداد پچاس کے لگ بھگ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اس جماعت کو بھی اپنی پہلی بیت، بیت الکریم تعمیر کرنے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔

بیت کے قطعہ زمین کا رقبہ 840 مربع میٹر ہے اور بیت کے تعمیر شدہ حصے کا رقبہ 106 مربع میٹر ہے۔ 15/اگست 2007ء کو یہ قطعہ زمین 45 ہزار یورو میں خریدا گیا۔ اپریل 2008ء میں اس بیت کی تعمیر پر کام شروع ہوا اور پانچ ماہ کے قلیل عرصہ میں اس بیت کی تعمیر مکمل ہوئی۔ اس بیت میں تعمیر ہونے والے مینارہ کی بلندی 66ء9 میٹر ہے۔ 100 کے قریب نمازی یہاں نماز ادا کر سکتے ہیں۔ اس بیت سے ملحق ایک دفتر اور دو باتھ رومز اور کچن وسٹور کی سہولت بھی موجود ہے۔ مقامی جماعت نے مالی قربانی اور وقار عمل کر کے اس بیت کی تعمیر میں بہت بڑا حصہ ڈالا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب

مکرم امیر صاحب جرمنی کے اس تعارفی ایڈریس کے بعد پونے چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطاب فرمایا:

حضور انور نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:

''الحمد للہ کہ سٹاڈے (Stade) کی چھوٹی سی جماعت کو بھی ایک چھوٹی سی بیت بنانے کی توفیق عطا فرمائی۔ بیوت الذکر جیسا کہ ہم نے سنا اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے اور اللہ تعالیٰ کا نام لینے کے لئے بنائی جاتی ہیں۔ اور اگر ہر شخص جو بیت میں آتا ہے اس سوچ کے ساتھ آئے اور ہر وقت ذہن میں جگالی کرتا رہے کہ ہم اس جماعت سے تعلق رکھنے والے ہیں جو مسیح ومہدی نے قائم فرمائی تھی۔ تو ان بیوت الذکر میں جب آپ یہاں آئیں گے تو نہ صرف ان بیوت میں وہ روح لے کر آئیں گے جس سے آپ کے دل میں، آپ کے ذہن میں خدا کا یہ حکم گونجتا رہے کہ بیوت خدا تعالیٰ کی عبادت کے لئے ہیں اور جو بھی دوسرے لوگ کسی بھی ذریعہ سے تنگ کرنے والے ہیں یا شور مچانے والے ہیں تو ان کو اس وجہ سے کہ آپ اللہ کی عبادت کرنے والے گروہ میں شامل ہیں۔ بجائے اس کے کہ اسی طرح جواب دیں یا وہی طریقہ اپنائیں جس طرح وہ آپ پر حملہ کر رہے ہیں۔ آپ اس سوچ کے ساتھ کہ ہم تو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے لوگ ہیں ان اخلاق کے ساتھ پیش آئیں کہ جن کو خدا تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ نرمی اور پیار کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے پیغام کو پہنچاتے چلے جاؤ۔

حضور انور نے فرمایا پس اس مقصد کو اگر آپ سامنے رکھیں گے تو نہ صرف یہ بیت جس میں آپ اللہ کی عبادت کر رہے ہوں گے بلکہ آپ کے ماحول میں بھی یہ آواز اٹھے گی کہ یہ وہ لوگ ہیں جو نہ صرف بیوت کو آباد کرنے والے ہیں اور یہاں سے امن کا پیغام دینے والے ہیں ایک دوسرے کے ساتھ محبت و پیار کرنے والے ہیں۔ خالص ہو کر خدا کی عبادت کرنے والے ہیں بلکہ اپنے ماحول میں بھی اس آواز کو پھیلانے والے ہیں، محبت کے پیغام کو پھیلانے والے ہیں اور ماحول میں بھی لوگوں کو اس طرف مائل کرنے والے ہیں کہ آؤ اور ایک خدا کی عبادت کرو اور یہی ذریعہ ہے جس سے ہم معاشرہ میں اور علاقے میں، ملک میں اور دنیا میں امن وسلامتی کا پیغام پہنچا سکتے ہیں اور امن قائم کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کو توفیق عطا فرمائے کہ اس روح کے ساتھ اس بیت کو بھی آباد کریں اور اپنے ماحول میں بھی اس پیغام کو پہنچائیں جو حقیقی امن اور سلامتی کا پیغام ہے اور سب کو خدائے واحد کے جھنڈے تلے جمع کرنے والے بنیں۔ (آمین)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اس خطاب کے بعد دعا کروائی۔

دعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے لجنہ کی مارکی میں بھی تشریف لے گئے جہاں مقامی جماعت کی بچیوں نے گروپس کی صورت میں نظمیں اور ترانے پیش کئے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بچیوں کے پاس کھڑے رہے اور نظمیں سنتے رہے۔ حضور انور نے از راہ شفقت بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔

15/اگست 2008ء

صبح سوا پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 'بیت الرشید'' ہمبرگ میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز فجر کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

آج بھی ہمبرگ شہر کے چودہ حلقوں سے ایک بڑی تعداد میں آنے والے احباب وخواتین نے حضور انور کی اقتداء میں نماز فجر ادا کی۔ صبح ساڑھے چار بجے سے ہی ''بیت الرشید'' میں احباب کی آمد شروع ہو جاتی ہے اور پھر آنے والے مرد وخواتین اور بچیوں کا تانتا بندھ جاتا ہے اور بیت اور اردگرد کا ماحول اور سڑکیں ان نمازیوں سے بھری ہوتی ہیں۔ ان مبارک ایام سے ہر ایک فیضیاب ہو رہا ہے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔ نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے بیت الرشید میں جگہ کی کمی کے باعث ہمبرگ شہر کے علاقہ Alsterdorf کے سپورٹس ہال میں انتظام کیا گیا تھا۔ ہمبرگ کی جماعتوں کے علاوہ جرمنی کی مختلف جماعتوں سے احباب جماعت بڑی تعداد میں حضور انور ایدہ اللہ کی اقتداء میں جمعہ کی ادائیگی کے لئے ہمبرگ پہنچ رہے تھے۔ جمعرات کی شام کو احباب کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا اور فرینکفرٹ سے آنے والے احباب پانچ صد سے زائد کلومیٹر کا سفر طے کر ہمبرگ پہنچے تھے جب کہ کاسل سے آنے والے تین صد کلومیٹر اور میونسٹر سے آنے والے احباب اور فیملیز 400 کلومیٹر سے زائد کا سفر طے کر کے ہمبرگ پہنچی تھی۔

اسی طرح بریمن، کیل (Keil) اور ہوزم (Husum) سے آنے والی فیملیز ایک سو بیس سے ڈیڑھ ہزار کلومیٹر کا سفر طے کر کے نماز جمعہ میں شامل ہوئیں۔ لیوبک (Lubick)، سٹاڈے (Stade)، Dithmurshe، مہدی آباد، Buxtehude، Schleswig اور Hannover سے آنے والے خاندان بھی لمبا سفر طے کر کے نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے پہنچے تھے۔

ہمبرگ شہر کی چودہ جماعتوں کے علاوہ ملک کی دیگر 25 سے زائد جماعتوں کے ساڑھے تین ہزار سے زائد احباب جماعت اور فیملیز نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اقتداء میں نماز جمعہ ادا کی۔

حضور انور کا خطبہ جمعہ

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ یہاں سے ایم ٹی اے کے ذریعہ براہ راست نشر ہوا۔ ہال کے ایک حصہ میں انگریزی اور جرمن ترجمہ کا انتظام کیا گیا تھا۔ ایک بج کر 35 منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور نماز جمعہ کے لئے روانگی ہوئی۔ دو بج کر پانچ منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سپورٹس ہال پہنچے۔ ہال کے دو حصے کر کے ایک میں مرد حضرات اور دوسرے حصہ میں خواتین کا انتظام کیا گیا تھا۔ حضور انور کی آمد سے قبل ہی ہال احباب جماعت سے بھر چکا تھا۔

دو بج کر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

تشہد تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ الاعراف کی آیت نمبر 30 کی تلاوت فرمائی اور فرمایا:

عموماً جرمنی کے جلسہ سے پہلے مَیں جب بھی جرمنی آیا ہوں، فرینکفرٹ کے علاوہ کہیں دوسری جگہ نہیں جاتا، نہ گیا ہوں۔ بلکہ اس دفعہ جلسہ جرمنی جلدی ہو رہا ہے اس لئے لندن سے بھی جرمنی کے لئے جلد روانہ ہونا پڑا اور UK کے جلسے میں باہر سے جو مہمان آئے ہوئے تھے ان سے ملاقاتیں بھی بڑی تیزی سے کرنے کی کوشش کی گئی کیونکہ خاصی بڑی تعداد UK میں اس دفعہ پاکستان سے بھی اور دوسرے ملکوں سے آئی ہے۔ لیکن میرا خیال ہے کہ بہت سارے لوگ ملاقاتوں سے رہ بھی گئے کیونکہ جلد جرمنی آنا پڑا۔ ایک تو وجہ ایک ہفتہ پہلے جرمنی کا جلسہ سالانہ اس دفعہ منعقد ہو رہا ہے۔ دوسرے امیر صاحب جرمنی کا بڑا زور تھا کہ ہمبرگ آئے ہوئے بڑا عرصہ ہو گیا اس لئے یہاں کا بھی دورہ ہو جائے اور یہاں قریب ہی بیوت الذکر بھی بنی ہیں ان کا افتتاح بھی ہو جائے۔ گویا دو بیوت الذکر کا افتتاح ہو گا۔ ایک تو کل ہو چکا ہے جو سٹاڈے میں بیت الکریم ہے اور دوسرے کل انشاء اللہ واپسی پر ہینوور (Hannover) میں بیت السمیع کا افتتاح ہو گا۔

کیونکہ رمضان بھی اس سال جلدی آ رہا ہے اس لئے جلسہ کے بعد جو بیوت الذکر کے افتتاح کے پروگرام عموماً ہوا کرتے ہیں، ان کو پہلے کرنا پڑ رہا ہے۔ ظاہر ہے جلسہ کے بعد پھر رکنے کا سوال نہیں تھا۔ تو بہر حال آج بیوت الذکر کے موضوع پر ہی میں بات کروں گا۔

حضور نے فرمایا کہ بیوت الذکر جیسا کہ ہم جانتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے بنائی جاتی ہیں اور اس لحاظ سے یہ بیوت الذکر ایک احمدی کی زندگی کا بہت اہم حصہ ہیں اور ہونی چاہئیں۔ ان کی اہمیت کے پیش نظر مَیں کوشش کرتا ہوں کہ جہاں جہاں بھی ہو سکے خود جا کر ان بیوت الذکر کا افتتاح کروں۔ گزشتہ پانچ سال میں جرمنی میں بھی اور دنیا کے دوسرے ممالک میں بھی جماعت کی توجہ بیوت الذکر کی تعمیر کی طرف

بہت زیادہ ہوئی ہے اور مَیں حضرت مسیح موعود کے ارشاد کی روشنی میں جماعت کو اس طرف توجہ بھی دلاتا رہتا ہوں جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ جہاں بھی جماعت کو متعارف کرانا ہے، وہاں بیت کی تعمیر کر دو۔ جس سے اپنی تربیت کے بھی مواقع ملیں گے اور دعوت الی اللہ کے بھی مواقع ملیں گے۔

حضور نے فرمایا کہ اللہ کرے کہ جب بھی ہم کسی بیت کی تعمیر کا سوچیں اور اس کی تعمیر کریں یہ اہم مقاصد ہمیشہ ہمارے سامنے رہیں۔ پس اس حوالے سے اگر ہر احمدی مرد، عورت، جوان، بوڑھا اپنا جائزہ لیتا رہے گا تو بیوت الذکر کی تعمیر سے فیض پانے والا ہوگا۔

ایک وقت تھا جب ہمبرگ میں ایک چھوٹی سی بیت تھی۔ احمدیوں کی تعداد بھی محدود تھی اور وہ بیت ضرورت کے لحاظ سے کافی تھی۔ علاقے کے لوگوں پر بھی اس بیت کا بڑا اچھا اثر ہوا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اب تک ہے لیکن پھر ضرورت کے پیش نظر جماعت کی تعداد بڑھی تو آپ لوگوں نے ایک بڑی جگہ جو ''بیت الرشید'' کے نام سے موسوم ہے وہ خریدی، جس میں بڑے ہال بھی ہیں اور ایک بیت کا حصہ ہے ملا کے شاید ہزار بارہ سو تک نمازی اس میں نماز پڑھ سکتے ہیں اور پہلے جب بھی مَیں آیا ہوں تو مَیں نے دیکھا ہے کہ بیت پوری بھری ہوتی ہے۔ نزدیکی جماعتوں کے لوگ بھی جمعہ پڑھنے کے لئے آجاتے تھے تو مارکی لگانی پڑتی تھی۔ تو وہ جگہ بھی چھوٹی پڑ جاتی تھی بلکہ اس دفعہ تو کل مَیں دیکھ رہا تھا کہ مغرب اور عشاء کی نمازوں پر بھی وہ جگہ چھوٹی تھی اور لوگ باہر نمازیں پڑھ رہے تھے اس لئے آج یہاں اس ہال میں جمعہ کا انتظام کیا گیا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ ہم چھلانگ لگا کر جب بڑی چیز بناتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرماتے ہوئے ضرورت کو اور بڑھا دیتا ہے اور جب تک ہم خالص اس کے بندے ہوتے ہوئے یہ کوشش کرتے رہیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے گھروں کو آباد کریں اللہ تعالیٰ بھی ضرورتیں بڑھاتا چلا جائے گا اور جماعت انشاء اللہ بڑھتی چلی جائے گی۔ پس ہمیشہ ہر ایک کو یاد رکھنا چاہئے کہ ہمیں بیوت الذکر کے حسن کو دوبالا کرنے کے لئے ہمیشہ کوشش کرتے رہنا چاہئے اور وہ کوشش کس طرح ہوگی؟ وہ کوشش اس طرح ہوگی جس طرح اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے ہمیں بتایا ہے کہ اس طرح کوشش کرو۔ وہ طریق بتائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے جس کی مَیں نے ابھی تلاوت کی ہے، ترجمہ اس کا یہ ہے کہ تو کہہ دے کہ میرے ربّ نے انصاف کا حکم دیا ہے نیز یہ کہ تم ہر بیت میں اپنی توجہات اللہ کی طرف سیدھی رکھو اور دین کو اس کے لئے خالص کرتے ہوئے اُسی کو پکارو۔ جس طرح اُس نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا اسی طرح تم مرنے کے بعد لوٹو گے۔

حضور نے فرمایا: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بیت میں آنے والوں کو بعض باتوں کی طرف توجہ دلائی ہے۔ ہر مومن کا پہلا فرض ہے کہ وہ اعلان کرے کہ مجھے خدا تعالیٰ نے انصاف کا حکم دیا ہے۔ اور انصاف کیا ہے؟ اس بارے میں اللہ تعالیٰ ایک اور جگہ سورۃ نساء آیت 59 میں فرماتا ہے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم امانتیں ان کے حقداروں کے سپرد کیا کرو اور جب تم لوگوں کے درمیان حکومت کرو تو انصاف کے ساتھ حکومت کرو۔ یعنی جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو یقیناً بہت ہی عمدہ ہے جو اللہ تعالیٰ تمہیں نصیحت کرتا ہے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ بہت سننے والا اور گہری نظر رکھنے والا ہے۔

یہاں ہمیشہ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ایک مومن کا انصاف کا معیار اس وقت قائم ہوتا ہے جب ہم اللہ تعالیٰ کا حق ادا کریں۔

حضور نے حضرت اقدس مسیح موعود کا ایک اقتباس پیش کرتے ہوئے فرمایا: پس یہ ہے وہ انصاف کا اعلیٰ ترین معیار جو آنحضرت ﷺ نے قائم فرمایا۔ لیکن یہ اُسوہ قائم فرما کر ہمیں بھی اپنی اپنی استعدادوں کے مطابق یہ حق ادا کرنے کی طرف توجہ دلائی کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ہمیں حکم ہے کہ تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کا جو اُسوہ ہے وہ ہی قابل تقلید ہے۔ وہ کامل نمونہ ہیں جن کے نقش قدم پر چلنے کی تم نے کوشش کرنی ہے۔ پس حضرت مسیح موعود نے جو یہ فرمایا کہ ہم اُس وقت سچے بندے ٹھہر سکتے ہیں کہ جو خدا نے ہمیں دیا اسے واپس دیں یا واپس دینے کی کوشش کریں۔ یعنی آنحضرت ﷺ نے جو اُسوہ قائم فرمایا اس پر چلنے کے لئے ہر وقت تیار رہیں کیونکہ آپ نے ہی اللہ تعالیٰ کی امانت کو اللہ تعالیٰ کو لوٹانے کا صحیح حق ادا کیا اور اس کے لئے کوشش کرنا بھی ایک مومن کا فرض ہے اور یہی ایک مومن ہونے کی نشانی ہے۔ اور جب یہ سوچ پیدا ہوتی ہے تو تب ہی انصاف کے تقاضے پورے ہوتے ہیں اور ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ سورۃ اعراف میں جس انصاف کا حکم دیا گیا ہے وہ دو طرح قائم ہوتا ہے ایک اللہ تعالیٰ کا حق ادا کر کے اور اللہ تعالیٰ کا حق ادا ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کے انعاموں کو اس کی رضا کے حصول کے لئے استعمال کر کے، اس کی دی ہوئی امانتوں کو اس کا حق ادا کرتے ہوئے اس کو واپس لوٹاتے ہوئے۔ اور دوسرے بندوں کے درمیان عدل قائم کر کے۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ ان دونوں باتوں کے لئے جو کوشش ہے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہوتی ہے۔ جو کامیابی ملنی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ملنی ہے۔ اس لئے جب بیت میں آؤ تو اپنی توجہات صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سیدھی رکھو۔ نماز کے لئے کھڑے ہو تو خالص ہو کر اس کو پکارو، اس سے فضل مانگو کہ اللہ تعالیٰ اپنے حقوق کی ادائیگی کی بھی توفیق عطا فرمائے اور آپس کے تعلقات میں بھی عدل قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ کسی کے حقوق غصب کرنے سے بچاتے ہوئے انصاف کے تقاضے پورے کرنے کی بھی توفیق عطا فرمائے۔ جو ایسی عبادتوں کے ادا کرنے والے ہوں گے اور بندوں کے حقوق ادا کرنے والے ہوں گے وہ پھر اللہ تعالیٰ کے پیار کو جذب کرنے والے ہوں گے۔ کیونکہ یہی خالص عبادتیں ہیں جن کو خدا تعالیٰ سنتا ہے اور پھر اللہ تعالیٰ بصیر بھی ہے صرف ظاہری چیز نہیں دیکھتا یا دیکھ رہا بلکہ اس کی بڑی گہری نظر ہے دلوں کے اندرونے کو بھی دیکھ رہا ہے، انسان کی پاتال تک سے وہ واقف ہے۔ اسے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اے اللہ مَیں تیرے لئے خالص ہو کر سب کچھ کر رہا ہوں، اس لئے میری دعاؤں کو قبول فرما۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مَیں بَصِیْر ہوں، مَیں اسے بھی دیکھ رہا ہوں جو تمہارے دلوں میں ہے۔ مَیں تمہاری اس نیت سے بھی واقف ہوں جس سے تم نے امانتیں لوٹائیں، جس سے تم نے صرف اور صرف خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے نمازیں ادا کیں۔ اس پر بھی میری گہری نظر ہے جو عدل کے تقاضے تم نے میرے حکموں پر چلتے ہوئے پورے کرنے کی کوشش کی۔

حضور نے فرمایا: پس جب ایک اللہ کا بندہ، خدا تعالیٰ کی محبت میں محو ہو جائے گا یا ہونے کی کوشش کرے گا، ایک مومن جب آنحضرت ﷺ کے اُسوہ کو سامنے رکھے گا تو اس کا اس کے علاوہ کوئی نتیجہ نہیں نکلتا کہ وہ خدا تعالیٰ کا حقیقی عابد بنے اور اس کی مخلوق کی خدمت کے لئے انصاف کے تمام تقاضے پورے کر رہا ہو۔ اُس حقیقی تعلیم سے دنیا کو روشناس کروائے جو اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے ذریعے اتاری ہے تاکہ حقیقی عدل دنیا میں قائم ہو۔

حضور نے فرمایا: ہم جو احمدی کہلاتے ہیں جن کا یہ دعویٰ ہے کہ ہم اُس اُسوہ پر چلنے کی کوشش کرنے والے ہیں جو آنحضرت ﷺ نے ہمارے سامنے قائم فرمایا اور ہم اس تعلیم پر عمل کرنے والے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ پر اتاری اور جس کا حقیقی فہم وادراک ہمیں اس زمانے میں حضرت مسیح موعود نے عطا فرمایا۔ پس اگر ہم صرف زبانی دعووں تک رہتے ہیں اور اپنی عملی حالتوں کو بدلنے کی کوشش نہیں کرتے تو ہمارے یہ دعوے کوئی وقعت نہیں رکھتے۔

حضور انور نے فرمایا: جب تک نفس کلیۃً پاک کرنے کی کوشش نہ ہو خدا تعالیٰ کی عبادت کا حق ادا نہیں ہو سکتا اور اسی طرح جب نفس پر نظر نہ ہو ایک ایک بدی کو باہر نکال کر پھینکنے کی کوشش نہ ہو تو دوسروں سے عدل کے تقاضے پورے نہیں ہو سکتے، دوسروں سے انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہو سکتے۔ پس باہر کے انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے لئے پہلے اپنے نفس کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کرنا ہوگا اور جب ایک مومن اس کی کوشش کرتا ہے تو پھر اس کی توجہ خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف پھرتی ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ منکر سے بچو یعنی ناپسندیدہ باتوں سے بچو۔ وہ باتیں جو براہ راست دوسروں کو نقصان پہنچانے والی تو نہیں ہوتیں لیکن لوگ اس کو دیکھ کر برا محسوس کر رہے ہوتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا پس ہر احمدی کو چاہئے کہ اگر اللہ تعالیٰ کا حقیقی عبد بننا ہے اور ان بیوت کی تعمیر سے فائدہ اٹھانا ہے جس کی طرف آج کل آپ کی توجہ ہوئی ہوئی ہے تو ان برائیوں سے بچیں اور اُن نیکیوں کے اعلیٰ معیار قائم کرنے کی کوشش کریں جس کی طرف اللہ تعالیٰ نے ہمیں توجہ دلاتے ہوئے حکم فرمایا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے تعلق اس طرح نہیں ہو سکتا کہ انسان غفلت کاریوں میں مبتلا رہے اور صرف منہ سے دم بھرتا رہے کہ مَیں نے خدا تعالیٰ سے تعلق پیدا کر لیا ہے۔ اکیلے بیعت کا اقرار اور سلسلہ میں نام لکھ لینا ہی خدا تعالیٰ سے تعلق پر کوئی دلیل نہیں ہو سکتی۔ خدا تعالیٰ سے تعلق کے لئے ایک محویت کی ضرورت ہے۔ ہم بار بار اپنی جماعت کو اس پر قائم ہونے کے لئے کہتے ہیں۔

پھر آپ نے ایک جگہ فرماتے ہیں کہ تمہارا کام اب یہ ہونا چاہئے کہ دعاؤں اور استغفار اور عبادت الٰہی اور تزکیہ وتصفیہ نفس میں مشغول ہو جاؤ۔ اس طرح اپنے تئیں مستعد بناؤ خدا تعالیٰ کی عنایات اور توجہات کا جن کا اس نے وعدہ فرمایا ہے'' حضرت مسیح موعود کی جماعت سے۔

پھر ایک اور جگہ فرماتے ہیں ''ہماری جماعت کا اعلیٰ فرض ہے کہ وہ اپنے اخلاق کا تزکیہ کریں اور حقوق عباد اور حقوق اللہ کے ادا کرنے کی دقیق سے دقیق رعایت کیا کریں''۔

تو یہ ہیں حضرت مسیح موعود کی تعلیم اور توقعات۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم خالص ہو کر اس کی عبادت کرنے والے بنیں، انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کا حق ادا کرنے والے بنیں اور اپنے نفس کی پاکیزگی کی طرف ہمیشہ توجہ دینے والے ہوں اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے اپنی عبادتوں اور اپنی قربانیوں کی قبولیت کی بھیک مانگتے رہنے والے ہوں۔ خدا تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطبہ تین بجے تک جاری رہا۔ خطبہ جمعہ کے بعد حضور انور نے نماز جمعہ وعصر جمع کر کے پڑھائیں اور نمازوں کی ادائیگی کے بعد ساڑھے تین بجے اپنی رہائش گاہ ''بیت الرشید'' تشریف لے گئے۔

نماز جمعہ میں شامل ہونے والے ساڑھے تین ہزار سے زائد احباب کے لئے جماعت ہمبرگ نے Lunch کا انتظام کیا ہوا تھا اور ہر بچے، بوڑھے، مرد وخواتین کو ایک عمدہ انتظام کے ساتھ پیک لنچ (Pack Lunch) مہیا کیا گیا۔

فیملی ملاقاتیں

پروگرام کے مطابق ساڑھے پانچ بجے سہ پہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے جہاں فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

ہمبرگ (Hamburg) اور کیل (Keil) کی جماعتوں کی 64 فیملیز کے 284 افراد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ ان فیملیز کے علاوہ ملاقات کرنے والوں

میں پاکستان اور امریکہ سے آنے والے بعض احباب بھی شامل تھے۔

ہمبرگ کی درج ذیل جماعتوں کی فیملیز نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔

Altona، Barmbex، Billstedt، Eidelstadt، Fuhlshuitil، Hamburg، Heimfeld، Hamburg، Mitte، Hamburg Moschee، Lurup، Neustadt، Pinneberg، Rahlstedt اور Wandesbek۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام آٹھ بج کر چالیس منٹ تک جاری رہا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے اپنی رہائش گاہ تشریف لے گئے۔

سوا نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ''بیت الرشید'' میں تشریف لا کر مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

☆......☆......☆......☆

مکرم راجہ عبداللطیف صاحب

میرے والد مکرم مولوی فضل احمد صاحب۔ دولیاہ

میرے والد مکرم مولوی فضل احمد صاحب قوم جنجوعہ راجپوت 1896ء ریاست جموں وکشمیر بمقام مہریاں گلھوتی تحصیل راجوری میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام منگتو خان تھا۔ والد صاحب نے خلافت جوبلی والے سال بتاریخ 31 دسمبر 1939ء کو قادیان میں حضرت مصلح موعود کے مبارک ہاتھ پر بیعت کرنے کا شرف حاصل کیا۔ اس طرح آپ کو اپنے خاندان میں سب سے پہلے احمدیت قبول کرنے کی سعادت ملی۔ بیعت کرنے کے بعد آپ قریباً چار ماہ تک قادیان میں رہے۔ آپ کا پرانا نام پیراں دتہ تھا۔ حضرت میر محمد اسحٰق صاحب نے نیا نام ''فضل احمد'' رکھ دیا۔ جب قادیان سے حضرت میر محمد اسحٰق صاحب آپ کو رخصت کرنے لگے تو والد صاحب رونے لگ گئے اور کہا کہ حضرت میر صاحب! میرے لئے دعا کریں کیونکہ میں اکیلا ہوں۔ اس پر حضرت میر صاحب نے کہا کہ فضل احمد گھبرائیں نہیں مومن کبھی بھی اکیلا نہیں ہوتا۔ آپ صبر و دعا سے کام لیں اور ثابت قدم رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مدد کرے گا۔ والد صاحب اپنے گاؤں آئے اور اپنے بھائیوں اور دیگر رشتے داروں کو کہا کہ میں نے زمانے کے مامور حضرت مسیح موعود کو مان لیا ہے اور احمدیت قبول کر لی ہے۔ والد صاحب کے بعد آپ کے بھائی میاں نیک محمد صاحب دیگر بھائیوں اور بعض اور احباب نے بھی احمدیت قبول کر لی۔ والد صاحب کے بھائیوں میں سے میاں نیک محمد صاحب کے بیٹے مکرم مقبول حسین ضیاء صاحب مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ ہیں اور یہ ہمارے خاندان میں سے پہلے مربی ہیں۔ نیز والد صاحب کے بھائیوں کی اولاد میں سے درجن سے زائد مربیان سلسلہ ومعلمین سلسلہ اور حفاظ قرآن ہیں اور یہ سب بفضل اللہ تعالیٰ خدمت سلسلہ میں کوشاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمارے خاندان اور والد صاحب کے لگائے ہوئے باغ کو ہر طرح سے سرسبز وشاداب رکھے اور سب کو بڑھ چڑھ کر سلسلہ عالیہ احمدیہ کی خدمت کرنے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

والد صاحب کے دو بھائی بھی موصی تھے۔ میاں نیک محمد صاحب اور میاں خوشی محمد صاحب یہ بہشتی مقبرہ ربوہ میں مدفون ہیں۔

